ہم مدینے چلے

ڈاکٹر محمد افضل حیدری

مکتبہ جمالِ کرم لاہور

ہم مدینے چلے

ڈاکٹر محمد افضل حیدری

مکتبہ جمالِ کرم
۹، مرکز الاویس (سستا ہوٹل) دربار مارکیٹ۔ لاہور
فون: پی پی ۷۳۲۴۹۴۸

marfat.com
Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ

نام کتاب	—	ہم مدینے چلے
کلام	—	ڈاکٹر محمد افضل حیدری
اشاعت اول	—	جنوری 2001ء
تعداد	—	ایک ہزار
زیر اہتمام	—	ایم احسان الحق صدیقی
نگران طباعت	—	ملک خالد رمضان اعوان
قیمت	—	60 روپے

ملنے کے پتے

مکتبہ جمال کرم	دوکان نمبر 9۔ مرکز الاویس (ستا ہوٹل) دربار مارکیٹ لاہور۔
ضیاء القرآن پبلیکیشنز	گنج بخش روڈ لاہور۔
مکتبہ المجاہد دارالعلوم محمدیہ غوثیہ	بھیرہ ضلع سرگودھا
مرکزی جامعہ الرضا	مومن آباد۔ بی گلی نمبر 5 نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ
مکتبہ قادریہ	چوک میلاد مصطفیٰ گوجرانوالہ
المدینہ کتاب گھر	گوجرانوالہ

marfat.com

Marfat.com

انتساب

انتہائی قابل احترام

والدین کے نام

اور

قبلہ ڈاکٹر حیدر علی صاحب رحمتہ اللہ

جن کی خصوصی توجہ کی وجہ سے ناچیز

سرکار ﷺ کی نعت لکھنے کے قابل ہوا

افضل

marfat.com
Marfat.com

عرض ناشر

خواجہ بطحاء غریبوں کے چارہ گر لاچاروں کی بارگاہ بے کس پناہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ دنیائے انسانیت کے وہ کامل واکمل بے نظیر و بے مثال انسان ہیں جن کی تعریف میں خالق کائنات نے وہ مجموعہ اتارا جس کی حفاظت کا ذمہ خود لیا۔

نعت تاجدار کائنات ﷺ ایک ایسا کلام ہے جو باری تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے یہ نہایت ہی عظیم منصب ہے جس پر کوئی خوش نصیب ہی متمکن ہوتا ہے میں کوئی نعت خواں نہیں ہوں بلکہ نعت خوانوں کے قدموں میں بیٹھنے والا ایک کمتر انسان ہوں جب برادر محترم ڈاکٹر محمد افضل صاحب نے مجھے حکم فرمایا یہ کتاب شائع کرنی ہے تو میں نے اس مقولہ پر عمل کرتے ہوئے کہ ''رحمت حق بہانہ ہی جوید بہانمی جوئید'' فوراً اشاعت کی ذمہ داری قبول کی کہ شاید یہی میری بخشش کا وسیلہ بن جائے امید ہے یہ کتاب آپ کو پسند آئے گی اس میں شان مصطفےٰ ﷺ بیان کی گئی ہے اور آقا کریم ﷺ کی ہر چیز پیاری ہوتی ہے اور اگر اس میں کوئی کمی رہ گئی ہو تو اس کو ہماری کوتاہی سمجھتے ہوئے ہماری رہنمائی فرمائیں۔

بارگاہ خداوندی میں دعا ہے کہ وہ اپنے حبیب حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے مبارک ذکر کی اس عاجزانہ سعی کو قبول فرمائے اور ہمارے لئے وجہ نجات بنائے آمین۔

ایم احسان الحق صدیقی

marfat.com

Marfat.com

فہرست

صفحہ نمبر	عنوانات	نمبر شمار
3	انتساب	1)
4	عرض ناشر	2)
5	فہرست	3)
10	تقاریظ	4)
11	میاں محمد جمیل کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن	i)
13	علامہ احمد سعید خان اسلام آباد گوجرانوالہ	ii)
14	محمد ریاض القادری	iii)
14	مولانا قاری محمد الیاس قادری گوجرانوالہ	iv)
16	زاہد حامد گوجرانوالہ	v)
17	سیّد ولایت علی شاہ کاظمی موترہ ضلع سیالکوٹ	vi)
18	قاری طفیل احمد رضوی	vii)
19	چوہدری ریاست علی آف مدن چک گوجرانوالہ	viii)
20	مفتی رضا المصطفےٰ ظریف القادری	xi)
21	مہر محمد یوسف شاہد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ	x)
22	سید ظہیر احمد شاہ گیلانی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ	ix)
23	حمد ونعت (حصہ اول) اُردو	5)
24	حمد باری تعالیٰ جل جلالہ	1)
25	ہم کو مدینے بلاتے وہ ہیں	2)
26	در پہ تیرے سر اپنا جھکا رکھا ہے	3)

marfat.com
Marfat.com

4)	گرمی حشر سے ہم کو بچانا یا رسول اللہ ﷺ	27
5)	کیا بتلاؤں ان کے در سے کتنی مجھے خیرات ملی ہے	28
6)	بن تیرے گنہگاروں کو کون بچائے	29
7)	جب سے نظر گنبد خضراء پہ پڑی ہے	30
8)	سارے لوگ میرے آقا ﷺ کے دیوانے لگتے ہیں	31
9)	جو بھی در نبی ﷺ سے لو لگائے ہوئے ہے	32
10)	میں نعت سرکا ﷺ پڑھتا ہوں	33
11)	مدینے میں نے جانا ہے	34
12)	ان کے در پہ جاتے ہیں	35
13)	روشن چہرہ نبی ﷺ کا	36
14)	صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی	37
15)	شہر مدینہ ہم کو کتنا اچھا لگتا ہے	38
16)	سرور کونین ﷺ کی دیکھو کتنی پیاری ذات ہے	40
17)	لاج رکھنا لاج رکھنا یا محمد مصطفٰے ﷺ	41
18)	سرکار ﷺ کے کرم نے سہارا مجھے دیا ہے	42
19)	بس دیار یار ﷺ کی باتیں کرتے ہیں	43
20)	مجھے نبی ﷺ سے پیار ہو گیا	44
21)	حسن سرکا ﷺ کے ہیں کیا کہنے	45
22)	سرکار ﷺ کی آمد ہے مجھے جشن منانے دو	46
23)	حسن یوسف تو میرے محبوب ﷺ کی خیرات ہے	47
24)	جی چاہتا ہے طیبہ کی گلیاں نصیب ہوں	48
25)	سب پہ کرم کیا میرے حضو ﷺ نے	49
26)	ہر درد کی دوا میرے حضو ﷺ ہیں	50

marfat.com

Marfat.com

(27	زندگی اصل میں دوستو بس اسی نے پائی ہے	51
(28	محمد مصطفےٰ ﷺ کا نام دنیا میں نرالہ ہے	52
(29	چرچا ہے مصطفےٰ ﷺ کا اس کائنات میں	53
(30	جشن آمد حبیب ﷺ اللہ اللہ	53
(31	یارسول اللہ ﷺ جو تیرا ہو کرم	55
(32	پیارے نبی ﷺ آئے میرے پیارے نبی ﷺ آئے	56
(33	کونین کا دولہا ہمارا نبی ﷺ	57
(34	مدنی پیا آؤ مورے دوار	58
(35	کبھی تو دیکھنے روضہ نبی ﷺ کا ہم بھی جائیں گے	59
(36	عشق سرکار ﷺ میں جان سے گزر جاؤں گا	60
(37	سویا نصیب ہم نے بھی اپنا جگا لیا	61
(38	منظر ہو بیاں کیسے مدینے کے بازاروں کا	62
(39	تیرا دامن تھام کے میں بچ گیا میں بچ گیا	64
(40	کہنے والے تو کہتے ہیں سبحان اللہ جل جلالہ سبحان اللہ جل جلالہ	65
(41	شہنشاہ زمانہ تیری ذات ہے	66
(42	مر گیا تو مدینے مجھ کو لے جانا	67
(43	ہادی برحق رحمت عالم ﷺ	68
(44	مجھے مدینے بلا لو یہ التجا ہے میری	69
(45	جہاں میں بے سہاروں کا سہارا بن کے آپ ﷺ آئے	70
(46	عشق نبی ﷺ کی آگ میں اے دوست جل ذرا	71
(6)	**حصہ پنجابی**	73
(1	سد طیبہ وچ مینوں کدی طیبہ والیا	74
(2	صدقے میں واری جاواں مدنی منٹھار توں	75

marfat.com
Marfat.com

(3	سوہنے دے دوارے اُتے جھکدی خدائی	76
(4	ہر ویلے رحمت رب دی مدینے وسدی اے	77
(5	عرضاں مدینے دیاں چناں سن میریاں	78
(6	آقا ﷺ دے دوارے تے بھاگ جگاواں میں	79
(7	میرے لیکھاں وچ لکھ دے مدینے دا سفر	80
(8	کوہجیاں کملیاں سوہنیاں توں در تے بلایاں نے	81
(9	اکھیاں دے وچوں آقا ﷺ ڈگدے نے اتھرو	82
(10	سن دکھڑے توں میرے مدینے والڑیا	83
(11	دکھاں درداں دے مارے نئیں سوندے	84
(12	حضور ﷺ دا مدینہ مینوں جگ نالوں پیارا اے	85
(13	سارے نبیاں دا سلطان مدینے وسدا اے	86
(14	میرا دل کردا اے جاییے وچ مدینے دوستو	87
(15	یاد تیری آقا ﷺ ہر ویلے تڑپاندی اے	88
(16	میرا کملی والا سارے جگ نالوں پیارا اے	89
(17	سرکار ﷺ بناں دوزخ توں کیہڑا بچائے	90
(18	کالیاں زلفاں والا عرشاں دا مہمان ایں	91
(19	بے سمجھاں نوں سمجھان والا آ گیا	92
(20	ذکر نبی ﷺ دا کردے چن تارے نے	93
(21	توں ایں بڑا سوہنا دلدار کملی والیا	94
(22	میں تیریاں یاداں نوں ہر ویلے آقا ﷺ سینے لایا اے	96
(23	سب شہراں نالوں پیارا اے مدینہ حضور ﷺ دا	97
(24	سارے نبیاں دا سردار کملی ﷺ والا آیا اے	98
(25	ہر پاسے لوکی آقا ﷺ تینوں پے پکار دے	99

marfat.com

Marfat.com

(26	تیرے عشقے نے مینوں کیتا جھلی	100
(27	تیرے در تے ہونداسب دا گذارا یارسول اللہ ﷺ	101
(28	گنہگاراں نے تیرے بوہے ملے یارسول اللہ ﷺ	102
(29	کیڈی سوہنی شکل تیری نورانی یارسول اللہ ﷺ	103
(30	راتاں نوں یاد محمد ﷺ مینوں ستیاں آن جگاؤندی اے	104
(31	تیرے روضے توں میں جندڑی واراں مدینے دیا چن سوہنیا	105
(32	میرے نبی پاک ﷺ سارے جگ تو نرالے نے	106
(33	سانوں کملی ﷺ والے تے بڑا یارومان اے	106
(34	دنیا تے آقا ﷺ جیا آیا کوئی ہور نئیں	108
(35	یتیماں نوں گل لاون والا آیا اے	109
(36	والضحیٰ چہرہ واللیل زلف کے ماں کرماں والی جایا اے	111
(37	آ گیا وائی آ گیا سوہنا کملی والا آ گیا!!!	111
(38	کدیں جے میں مدینے تیرے جاواں یارسول اللہ ﷺ	112
(39	حشر دا خوف نئیں مینوں مدینے جے میں ٹر جاواں	114
(40	مدینے دیاں ہون گلیاں وچ پھراں میں وانگ فقیراں	115
(41	کل نبیاں دے سردار کملی ﷺ والے جی	116
(42	تیرے دم تھیں ہویا جگ تے سویرا یارسول اللہ ﷺ	117
(43	سوہنے دے روضے توں دنیا نثار اے	118
(44	اوڑک نوں ساری دنیا تیرے قدماں تے جھکنی اے	120
(45	ساری دنیاں میرے نبی ﷺ دی دیوانی اے	122
(46	مٹھی مٹھی بولی ذرا بول طیبہ والیا	123
(47	ہن تے کملی والیا ﷺ آ جا گھڑی دی گھڑی	124
(48	سب نالوں سوہنیاں مدینے دیاں گلیاں	125
(49	پا ساڈے ول پھیرا کملی والیا ﷺ سائیاں	126
(50	چوہدویں دے چن نے سوہنا میرا توڑدا	127

marfat.com

Marfat.com

تقاریظ

marfat.com
Marfat.com

سخن ہائے گفتنی

میاں محمد جمیل کمشنر گوجرانوالہ

سرور کائنات ﷺ کی بارگاہ بے کس پناہ میں ہر دور میں نذرانہ عقیدت پیش کرنے والے لاکھوں عشاق گذرے ہیں جو نظم و نثر میں اپنی اپنی عقیدت کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ اس عقیدت کا اظہار عمر عہد رسالت سے ہی ہوتا آرہا ہے سیّد الشعراء حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی نظم میں حضور ﷺ کی نعت کو بیان کیا ہے۔ اور اس نعت پاک کا صلہ سید دو عالم ﷺ نے اپنی کملیہ تحفے میں عطا فرما کر دیا ہے۔ اسی طرح حضرت کعب بن زہیر حضرت عبداللہ بن رواحا رضوان اللہ علیہ نے بھی حضور ﷺ کی بارگاہ عالیہ میں ہدیہ عقیدت کے پھول نچھاور کرنے کی سعادت حاصل کی اور حضور ﷺ سے انعام و اکرام حاصل کیا بلکہ حضور ﷺ نے ان تمام ثنا خوانانِ رسول کے لئے دعاء خیر فرمائی اسی سعی میں شامل ہونے کے لئے عزیزم ڈاکٹر محمد افضل نے بھی حضور ﷺ کی بارگاہ پروقار میں ایک نعتیہ کلام

"ہم مدینے چلے"

کے نام سے لکھنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ زیرِ نظر کتاب "ہم مدینے چلے" کو کئی جگہوں سے پڑھنے کا اتفاق ہوا ہے۔ جہاں سے بھی جو بھی نعت پڑھی ہے اس کا ایک اپنا ہی لطف ہے۔ کیف و سرور میں ڈوبے ہوئے لفظوں کی لڑیاں پروئی گئی ہیں۔ "ہم مدینے چلے" کو پڑھتے ہوئے یوں محسوس ہو رہا ہے کہ جیسے مدینے میں حاضری ہو رہی ہے جیسے حضور ﷺ اپنی چشمین مبارک سے ہمیں دیکھ رہے ہیں اور یہ فرما رہے ہیں میری نعت گوئی کرنے والو! اللہ نے تمہیں بخش دیا ہے۔

اللہ جل جلالہ نے سارا قرآن اپنے پیارے حبیب ﷺ کی شان میں بھیجا

marfat.com

Marfat.com

ہے۔عزیزم ڈاکٹر محمد افضل صاحب کی کتاب ''ہم مدینے چلے'' قرآن کی آیتوں کا ترجمہ محسوس ہوتی ہے۔قرآن وسنت کے حوالے سے ''ہم مدینے چلے'' ایک معتبراور بہترین نعتیہ کلام ہے۔ڈاکٹر صاحب نے اپنے اس نعتیہ کلام میں ایک نیا رنگ دیا ہے بڑے اچھے انداز میں حضورﷺ کی قصیدہ سرائی کی ہے۔ڈاکٹر صاحب بڑے خوش نصیب ہیں کہ جن کے حصے میں سرکار کی ثناخوانی آئی ہے۔آپ سب پڑھنے والے دوستوں کے لئے ڈاکٹر محمد افضل صاحب کی ایک نعت کے چند اشعار لکھ رہا ہوں تا کہ آپ کتاب کے دیباچہ سے ہی اندازہ لگالیں کی مصنف نے کیسا پیارا کلام لکھا ہے۔

ہم کو مدینے بلاتے وہ ہیں
اپنا جلوہ دکھاتے وہ ہیں
یاد جنہیں آقاﷺ کرتے ہیں
بس مدینے کو جاتے وہ ہیں
پاس اپنے صدیق و عمرؓ کو
میٹھی نیند سلاتے وہ ہیں

آخر میں بارگاہ پروردگار میں گنہگار کی بس اتنی سی عرض ہے کہ پروردگا عزیزم ڈاکٹر محمد افضل صاحب کو مزید حضورﷺ کی نعتیں لکھنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیشہ شاد آباد رکھے۔آمین۔

دعا گو: میاں محمد جمیل کمشنر گوجرانولہ ڈویژن گوجرانوالہ

marfat.com
Marfat.com

علامہ احمد سعید خان صاحب

اسلام آباد گوجرانوالہ

عہد حاضر میں نعت گوئی جن تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکی ہے اس کے جائزے کے حوالے سے پیشین گوئی کی جاسکتی ہے کہ اکیسویں صدی میں یہ مبارک مصنف محبوبیت اور مقبولیت کی اور کئی منزلیں طے کرے گی۔

ارض پاک میں جو شعرائے کرام اس بہار نعت کی تزئین کر رہے ہیں ان میں ایک نام ڈاکٹر محمد افضل کا بھی ہے وہ خوش الحان نعت خوان ہونے کے ساتھ ساتھ ایک صاحب طرز نعت گو بھی ہیں۔ وہ نعت کاری میں ہمہ وقت مصروف ہیں۔

ان کی لے کاری نے اذہان وقلوب کو گرمانے کا جو فریضہ سنبھالا ہوا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی خاص عطا ہے۔ جس کی صرف چند مثالیں پیش ہیں۔

عشق نبی ﷺ کی آگ میں اے دوست جل ذرا
آ کوچہ رسول میں میرے ساتھ چل ذرا
حضور ﷺ سے محبت کا گر دعویٰ ہے تجھے
تو پھر عجز و انکسار کے سانچے میں ڈھل ذرا
حضور ﷺ کی ثناء نے مجھے انسان بنا دیا
اب تو خدا کے واسطے تو بھی پگھل ذرا
ہونے کو ہے اب تو تیری زندگی کی شام
تو بھی تو اپنے آپ کو افضل بدل ذرا

مجھے امید ہے کہ ان کا مجموعہ نعت نہ صرف اہل اللہ کے حلقوں میں مقبولیت حاصل کرے گا بلکہ دربار رسالت میں بھی مقبول ومنظور ہوگا۔

(احمد سعید خان)

marfat.com
Marfat.com

ہدیہ تبریک

محمد ریاض القادری صاحب

آفس سپرنٹنڈنٹ ڈی۔آئی۔جی گوجرانوالہ ڈویژن

پوری کائنات ازل سے ابد تک خوشبوئے اسم محمد ﷺ سے معطر ہے۔ حریم دیدہ و دل میں ثنائے رسول ﷺ کے انہیں چراغوں کی روشنی ہے۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو لکھتے ہیں تو حضور ﷺ کا قصیدہ لکھتے ہیں اور کہتے ہیں تو حضور ﷺ کی نعت کہتے ہیں انہیں میں ایک خوش نصیب ڈاکٹر محمد افضل صاحب ہیں جن کو قدرت نے شعر کہنے کا سلیقہ بخشا اور انہوں نے اسی سلیقے کو نعت کہنے کا قرینہ بنالیا۔ اور محبت رسول ﷺ کے پھولوں سے ایک گلدستہ سجایا ہے وہ اس کی اشاعت پر مبارک باد کے مستحق ہیں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس سعی کو قبول فرمائے۔

(محمد ریاض القادری)

(حدیث دل)

مولانا قاری محمد الیاس قادری صاحب

خطیب مرکزی جامع الرضاء گوجرانوالہ

ڈاکٹر محمد افضل صاحب کا ''ہم مدینے چلے'' اسم بامسمیٰ ہے جس کا ایک ایک حرف اس سرچشمہ نور سے فیضیاب ہے جس کی شان میں وہ خود یوں سخن پرداز ہیں۔

در پہ تیرے سر اپنا جھکا رکھا ہے
ہم نے کعبہ تیرے در کو بنا رکھا ہے

marfat.com

Marfat.com

نعت ڈاکٹر صاحب کی شناخت ہے جس پر انہیں بجا طور پر فخر ہے

اللہ کرے افضل پھر جا کے مدینے
تیری نعت تیرے سامنے سب کو سنائے

ڈاکٹر صاحب خوش گو ہونے کے ساتھ ساتھ خوش گلو بھی ہیں تاہم ان کا یہ اولین مجموعہ ہی اس امر کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ان کی خوش الحانی سونے پر سہاگے کا کام ضرور کرتی ہے لیکن سونا اپنی جگہ اس سے بے نیاز ہے۔

ڈاکٹر صاحب کی نعت میں وفور شوق سلیقہ اظہار سے ہم آہنگ ہے وہ سلیقہ جس کو انہوں نے یہ شام وکمال نعت ہی کے لئے وقف کر دیا ہے جب ہر آنسو ایک ہی یاد سے روشن ہو تو نگاہ کسی اور طرف کیونکر اٹھ سکتی ہے۔

میرا مرنا میرا جینا سب تیرے لئے آقا ﷺ
تیری خاطر ہر غم کو اٹھا رکھا ہے

''ہم مدینے چلے'' کا خیر مقدم میرے لئے موجب اعزاز ہے اور مجھے قوی امید ہے کہ ان شاء اللہ یہ مجموعہ جذبے اور فن دونوں حوالوں سے ایوان ادب میں معتبر ٹھہرے گا اور یہ حرف سپاس جس پر ڈاکٹر محمد افضل صاحب نے اپنے عمل کی اساس رکھی ہے درگاہ رب العزت اور بارگاہ رسالت ﷺ میں شرف وقبولیت سے سرفراز ہوگا۔

(محمد الیاس قادری)

marfat.com
Marfat.com

(تاثرات)

جناب زاہد حامد صاحب

پرنسپل الحمد ہائی سکول گوجرانوالہ

نعت کا یہ جو ٹھنڈا میٹھا چشمہ بے ساختگی سے پھوٹتا نظر آ رہا ہے اس کا پانی زیر زمین نجانے کب سے جمع ہو رہا تھا اور اس میں اتنا وفور اتنا زور کیسے آیا کہ اچانک پھوٹ پڑا اور بہتا ہوا دلوں کی زمینوں کو سیراب کرنے لگا۔

اس پرکشش چشمہ نعت "ہم مدینے چلے" کے پس منظر میں کئی عوامل کارفرما ہیں اس کی اساس تو اسے اپنے والدین سے منتقل ہونے والی حضور اکرم ﷺ کی محبت بنی جس کی طرف اشارہ شاعر نے اس کتاب کے انتساب میں کیا ہے۔ حصول تعلیم کے ماہ وسال میں اس ورثے کو جلا ملی تو وہ نعت پڑھنے لگا خوش گلوئی یہاں کام آئی اور اسے نعت خوانی میں کئی کامیابیاں نصیب ہوئیں یہاں تک کہ اس کے لیل ونہار نعت سے عبارت ہو گئے نعت اس کی زندگی بن اور کیفیت یہ ہو گئی کہ

تیری یادوں میں صبح و شام روتا ہے
قسم تیری تیرا ہر اک دیوانہ یا رسول اللہ ﷺ
اذن دیدو حضوری کا شاہ مدینہ اب
ہمیں بھی اب مدینے کو ہے جانا یا رسول اللہ ﷺ

ڈاکٹر صاحب نعت کو اپنے لئے دستار فضیلت سمجھتے ہیں اور ان کی نعت سے وابستگی کا کئی صورتوں میں اظہار ہوا ہے۔

نبی کے نام لیوا ہیں زمانہ ہم کو جانے ہے

marfat.com
Marfat.com

نبی کے نام پر ہم اپنا سب کچھ لٹائیں گے
انہیں کے نام کی برکت سے جگ میں بہار آئی
انہیں کا نام لے لے کر مرادیں دل کی پائیں گے
در آقا ﷺ پہ ہو جاؤ اکٹھے دوڑ کر سارے
سنا ہے مصطفٰے کی نعت افضل بھی سنائیں گے۔

یہ مجموعہ نعت عشق وعقیدت کے ساتھ علم وفکر وفن کا اہم جریدہ بن کر سامنے آتا ہے اور میں اس کی بارگاہ حمدیت ورسالت میں قبولیت کے لئے دعا گوہوں۔

زاہد حامد

پرنسپل

الحمد ہائی سکول گوجرانوالہ

(پیشوائی)

سید ولایت علی شاہ کاظمی صاحب

آف موترہ ضلع سیالکوٹ

شعر گوئی بذات خود ایک نعمت ہے اور موضوع سخن نعت ہو تو وہ نعمت غیر مترقبہ ہے بلاشبہ نثر اگر لطیف اور موثر ہو تو دماغ میں جوار بھاٹا اٹھا دیتی ہے مگر شعر تو دنیائے دل تہ وبالا کر کے رکھ دیتا ہے۔

''ہم مدینے چلے'' میں ایک نعت نظر نواز ہوئی جس میں مٹھاس، لطف، شاعرانہ، سلاست اور بیان کی لذت اپنے عروج پر ہے آپ بھی لطف لیجیے ڈاکٹر

marfat.com
Marfat.com

صاحب کہتے ہیں۔

سویا نصیب ہم نے بھی اپنا جگا لیا
جس دن سے اپنے دل کو مدینہ بنا لیا
فرشتے لے کے چل دیئے جہنم کو مگر
ہم کو رسول پاک ﷺ نے ان سے چھڑا لیا
دیکھا جو پیار میرا مدینے کی سرزمین سے
سرکار نے مدینے میں مجھ کو بلا لیا
نعت بنی ہے زندگی افضل اب میری
یہ شوق میں نے اپنے دل میں بسا لیا

ایسی ہی روانی برجستگی اور سلاست ایک دوسری نعت میں ملتی ہے معنی میں تو جو حسن ہے سو ہے پڑھنے میں بھی ایک حسن اور لطف ہے۔

امید ہے کہ یہ نعتیہ کلام قبول عام حاصل کرے گا اس لئے کہ اظہار کے تمام اچھے تقاضے ملحوظ رکھے گئے ہیں۔

(سید ولائت علی شاہ کاظمی)

قاری طفیل احمد صاحب رضوی

گوجرانولہ

عہد حاضر میں نعت کے حوالے سے یہ ایک پیداواری اور مثبت رجحان سامنے آیا ہے کہ مقام مصطفےٰ ﷺ کے ساتھ ساتھ نظام مصطفیٰ ﷺ کا بیان ہوتا ہے

marfat.com
Marfat.com

یعنی حسن صورت کے ساتھ ساتھ جمال سیرت پر بھی توجہ دی جاتی ہے اور یہ رنگ ہی ڈاکٹر صاحب کی شاعری میں بھی نظر آتا ہے ڈاکٹر صاحب کا عقیدہ ہے کہ جذبہ صادق اور عقیدہ راسخ ہو تو ایسا کلام بے ساختہ قلم سے ٹپک پڑتا ہے جس طرح پکے ہوئے پھل سے قطرے رس پڑتے ہیں چند شعر ملاحظہ ہوں۔

سرکار کے کرم نے سہارا مجھے دیا ہے — ایسے ہی کہہ رہے ہیں میرے نبی ﷺ کے
بگڑی بنی ہے میری جب نام نبی ﷺ لیا ہے — کسی کو بھلا حضور ﷺ نے عطا نہیں کیا ہے
ہم بھی در نبی پہ مانگیں گے خوب رو کر — تیرے کرم سے آقا ﷺ دن میرے پھر گئے ہیں
سنتے ہیں ہر کسی کو سرکار نے دیا ہے — ہر وقت میرا کاسہ تیرے کرم سے بھرا ہے

(قاری طفیل احمد رضوی)

(تاثرات)

چوہدری ریاست علی صاحب

آف مدن چک ضلع گوجرانوالہ

ذکر رسول ﷺ کو ہر دور اور عہد میں زبردست پذیرائی حاصل ہوئی ہے اور ایسا کیوں نہ ہوتا صحیفہ انقلاب قرآن مجید فرقان حمید کے ورق ورق پر اسی شہکار ازل کے محامد و محاسن کی خوشبو پھیلی ہوئی ہے قرآن ایک مسلسل نعت ہے۔ عہد رسالت مآب ﷺ میں حضرت حسان بن ثابت اور حضرت کعب بن زہیر نے نعت نگاری میں تحفظ ناموس رسالت کی جو روایت قائم کی تھی وہ روایت عربی سے فارسی میں اور پھر

marfat.com
Marfat.com

فارسی سے اردو میں منتقل ہوئی اور اردو شعراء نے بوصیری، سعدی، اور جامی کی روایت کو آگے بڑھانے کا اعزاز حاصل کیا اور یہ اعزاز عصر جدید کے شعراء میں سے ڈاکٹر محمد افضل صاحب کے حصے میں بھی آیا میں امید کرتا ہوں کہ شائقین نعت ڈاکٹر صاحب کی اس کاوش کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے اور میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ کریم ان کے اس مجموعہ نعت کو پذیرائی اور شرف قبولیت بخشے اور ان کی یہ کوشش آخرت کا سرمایہ بنے۔
آمین ﴿ثم آمین﴾

(چوہدری ریاست علی)

گوجرانوالہ

مولانا مفتی محمد رضا المصطفیٰ ظریف القادری صاحب

گوجرانوالہ

نعت سرور کائنات وہ مقدس صنف ادب ہے جس میں ایمان والے خوش نصیب شعراء کرام حضور ﷺ کی مدح بیان کرتے ہیں حضرت حسان بن ثابت اور اس گروہ کے دوسرے عظیم بزرگوں نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں بڑی پرسوز نعتیں پیش کی ہیں حتی کہ حضرت حسان بن ثابت کے کلام کو خود حضور نبی کریم ﷺ نے پسند فرمایا۔

نعت صرف خوش قسمت شعراء ہی کہتے ہیں کیونکہ محبت کا یہ مقام یونہی حاصل نہیں ہو جاتا۔

دہد حق عشق احمد بندگان چیدہ خودرا
بخاصاں شاہ می بخشد ہی نو شیدہ خودرا

marfat.com
Marfat.com

عزیزیم ڈاکٹر محمد افضل کا یہ مجموعہ نعت میرے سامنے ہے میں اس کے مختلف مقامات سے قلب ونظر کا سکون حاصل کر رہا ہوں ڈاکٹر محمد افضل ہر اہل دل کے دلی شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے حضور اکرم کی مدح میں اتنا عظیم گراں قدر سرمایہ مرتب کیا۔

(محمد رضا المصطفیٰ ظریف القادری)

مہر محمد یوسف شاہد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور

برادر ڈاکٹر محمد افضل نے ہم مدینے چلے کے عنوان سے ذوق وشوق محنت اور لگن کے ساتھ یہ مجموعہ نعت مرتب کیا ہے یہ مجموعہ نعت منفرد اور جداگانہ شان کا حامل ہے۔

اس میں دو معروف زبانوں اردو اور پنجابی میں کلام حسن ترتیب کے ساتھ جمع کیا گیا ہے۔ روح پرور اور وجد آفرین نعتیہ کلام اس مجموعہ کی زینت اور شان ہے۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت ڈاکٹر محمد افضل صاحب کی اس کوشش کو شرف قبولیت سے نوازے اور حضور اکرم ﷺ کی خصوصی توجہات سے حصہ کثیر عطا فرمائے۔ آمین۔

(محمد یوسف شاہد)

marfat.com
Marfat.com

سید ظہیر احمد شاہ گیلانی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور

نعت گوئی تمام اصناف سخن میں مشکل ترین صنف ہے اس پل صراط سے گذرتے ہوئے قادرالکلامی بھی ہچکچاتی ہے نعت کہنے کے لئے صرف قدرت اظہار کا ہونا کافی نہیں بلکہ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ بے پناہ محبت بھی لازمی ہے اور محبت بھی ایسی جو بعد از خدا بزرگ توی قصہ مختصر کی گہرائیوں میں ڈوب کر کی جائے۔

عزیزی ڈاکٹر محمد افضل ایک بہت اچھے نعت خوان ہیں حضور والا ﷺ کی ذات گرامی سے ان کے بے پناہ عشق کا یہ منہ بولتا ثبوت آپ کے سامنے ہے اس خاک نشیں نے شہ عرش نشیں ﷺ کی خدمت عالیٰ میں نعتوں کا یہ گلدستہ پیش کیا میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور خود نبی رحمت ﷺ اسے قبول فرمائیں اور ڈاکٹر محمد افضل کے سینے میں عشق رسول ﷺ کے انبار لگ جائیں۔

(ظہیر احمد شاہ گیلانی)

marfat.com

Marfat.com

حصّہ اوّل

(اردو)

marfat.com
Marfat.com

حمد باری تعالیٰ

کائنات کا مختار ہے تو ستار ہے تو غفار ہے تو
سب کا پالن ہار ہے تو جگ کا پروردگار ہے تو

کائنات کا بنانے والا ہے تو اس کو سجانے والا ہے تو
یہ دنیا بسانے والا ہے تو سب کو کھلانے والا ہے تو

آسمان نیلا بنایا تو نے تاروں سے چمکایا تو نے
ہرگلشن مہکایا تو نے پھولوں سے سجایا تو نے

تیرا منگتا ہے سارا زمانہ ہر کوئی گائے تیرا ترانہ
سارا جگ ہے تیرا دیوانہ ہر لب پہ تیرا فسانہ

سارے نظارے تیرے اشارے ذرہ ذرہ تجھ کو پکارے
افضل کعبے جا کے گذارے یارب باقی کے دن سارے

ہاتھ پھیلائے دعا کرتا ہوں
یہی میں التجا کرتا ہوں

marfat.com
Marfat.com

نعت

ہم کو مدینے بلاتے وہ ہیں   اپنا جلوہ دکھاتے وہ ہیں
کتنے بڑے میرے آقا سخی ہیں   سب بھوکوں کو کھلاتے وہ ہیں

پاس اپنے صدیقؓ و عمرؓ کو   میٹھی نیند سلاتے وہ ہیں
بڑے لجپال ہیں شاہ مدینہ   سب پہ کرم کماتے وہ ہیں

اسراء کی شب او ادنیٰ والی   راز کی باتیں بتاتے وہ ہیں
نہ گھبراؤ اے گرنے والو   گرتے ہوؤں کو اٹھاتے وہ ہیں

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوری   اپنا پتہ سمجھاتے وہ ہیں
اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰہُ یُعْطِی   رب دیتا ہے دلاتے وہ ہیں

جن کو دیں توفیق اللہ   گھر طیبہ میں بناتے وہ ہیں
یاد جنہیں آقا کرتے ہیں   بس مدینے کو جاتے وہ ہیں

جو طیبہ میں مانگ رہے ہیں   سب کو نعتیں سناتے وہ ہیں
جن زخموں کو کوئی نہیں سیتا   وہاں پہ مرہم لگاتے وہ ہیں

جب بھی کیا۔ یاد نبی ﷺ کو   پل بھر میں آتے وہ ہیں
ہم سے گنہگاروں کے افضل   سوئے بھاگ جگاتے وہ ہیں

marfat.com
Marfat.com

نعت

در پہ تیرے سر اپنا جھکا رکھا ہے
ہم نے کعبہ تیرے در کو بنا رکھا ہے

کتنی پیاری ہے تیرے شہر کی مٹی آقا ﷺ
نام جس کا تو نے خاک شفا رکھا ہے

تیرے ہر دیوانے کو اے میرے مدنی پیا ﷺ
اپنے سینے سے ہم نے لگا رکھا ہے

تیرے خاطر میں تو پھرتا ہوں مارا مارا
ہجر تیرے نے مجھ کو ستا رکھا ہے

اب تو راتوں کو بھی آتی نہیں نیند مجھے
یاد تیری نے ہر وقت جگا رکھا ہے

میرا مرنا میرا جینا سب تیرے لئے آقا ﷺ
تیری خاطر ہر غم کو اٹھا رکھا ہے

جب سے سرکار ﷺ کا دیوانہ ہوا ہوں یارو
خود کو دنیا سے میں نے چھپا رکھا ہے

کیوں نہ چوموں میں خاک مدینہ افضل
جس کو ہر ایک نے سر پہ سجا رکھا ہے

marfat.com
Marfat.com

نعت

گرمئ حشر سے ہم کو بچانا یا رسول اللہ ﷺ
بن تیرے نہیں کوئی ٹھکانا یا رسول اللہ ﷺ

مدینہ میں بلاؤ اب غم کے مارے کو
تمہیں ہے حال دل اپنا سنانا یا رسول اللہ ﷺ

اکیلا میں نہیں تعریف تیری کررہا آقا ﷺ
گیت گائے تیرے سارا زمانہ یا رسول اللہ ﷺ

اذن دید و حضوری کا شاہ مدینہ اب
ہمیں بھی اب مدینے کو ہے جانا یا رسول اللہ ﷺ

اکیلا پھرتا ہوں حشر میں مارا مارا میں
کوئی بنتا نہیں اپنا بیگانا یا رسول اللہ ﷺ

نصیبوں میں کبھی ہو سفر مدینہ طیبہ کا
افضل کا مقدر بھی جگانا یا رسول اللہ ﷺ

marfat.com
Marfat.com

نعت

کیا بتلاؤں اُن کے در سے کتنی مجھے خیرات ملی ہے
جدھر بھی دیکھا مجھ کو نبیؐ کی پیاری پیاری ذات ملی ہے

کتنی پیاری ذات ہے اُن کی سب سے اعلیٰ بات ہے اُن کی
اُن کی ذات میں گم رہتا ہوں رحمت کی برسات ملی ہے

جب میں یادِ نبیؐ میں سویا ان کے سپنوں میں کھویا
دیکھا خواب میں اُن کو میں نے ایسی بھی اک رات ملی ہے

اسراء کے دولہا بن کے پیارے آمنہؓ مائی کے راج دلارے
جب جانے لگے عرش بریں پر موسیٰ کو بارات ملی ہے

ساری نعمتیں صدقہ نبی ﷺ کا ہر کوئی منگتا ان کی گلی کا
اُن کی وجہ سے سارے جگ کو ہر کوئی سوغات ملی ہے

وہ آئے تو آئیں بہاریں باغوں میں ہر سو کھلی گلزاریں
اُن کے صدقے ہم کو افضل پیاری سی کائنات ملی ہے

marfat.com
Marfat.com

نعت

بن تیرے گنہگاروں کو کون بچائے
ان گرتے غلاموں کو بھلا کون اٹھائے

سرکارؐ کرم اتنا میری ذات پہ کرنا
لحد میری مدینے میں خدا تعالیٰ بنائے

آجاؤ میرے گھر میں بھی کرنے کو چراغاں
بڑی دیر سے بیٹھا ہوں تیری آس لگائے

یہی آس لئے بیٹھا ہوں در آقاؐ پہ یارو
اب میرا مقدر بھی میرا آقاؐ جگائے

یہ حال ہے تیرے شہر میں سر پہ اپنے
خاک مدینہ کو میں پھرتا ہوں سجائے

تیرے ہجر کا مارا ہوں میرے شاہ مدینہ
ہر وقت مجھے آقاؐ تیری یاد ستائے

اللہ کرے افضل پھر جاکے مدینے
تیری نعت تیرے سامنے سب کو سنائے

marfat.com
Marfat.com

نعت

جب سے نظر گنبد خضراء پہ پڑی ہے
آنسو ہیں رواں ایسے کہ ساون کی جھڑی ہے

جو بھی تیری شان میں نعت لکھی ہے
قرآن کے لفظوں کی پروئی لڑی ہے

کرو نظر کرم اب تو اے شہنشاہ مدینہ
تیرے در پہ تیری اُمت کب سے کھڑی ہے

اِنکار جو کرتے ہیں تیری شان کا آقاؐ
بدبخت کمینوں کی قسمت ہی سڑی ہے

بیٹھا ہوا طیبہ میں یہ سوچ رہا ہوں
آیا ہوں مدینے میں کیا خوب گھڑی ہے

بڑی دیر سے بیٹھا ہے تیری راہ میں افضل
آجاؤ میرے آقاؐ کہ جان لب پہ اڑی ہے

marfat.com
Marfat.com

نعت

سارے لوگ میرے آقا ﷺ کے دیوانے لگتے ہیں
ہر سو کملی والے کے پروانے لگتے ہیں

لاکھوں آئیں خواب سہانے راتوں کو لیکن
ہم کو بس آقا ﷺ کے سپنے سہانے لگتے ہیں

جدھر بھی دیکھا نظر اٹھا کہ ایسا لگا مجھے
بن سرکار ﷺ کے سارے لوگ بیگانے لگتے ہیں

عظمت آقا ﷺ کو اب تک جو لوگ نہیں جانے
ذات نبی ﷺ سے ہم کو وہ انجانے لگتے ہیں

خاک مدینہ اپنے سر پہ ڈالے ہوئے ہیں جو
یہ لوگ مدینے والے کے مستانے لگتے ہیں

جو سرکار ﷺ کے در پر اپنی نظریں جھکائے ہیں
کچھ کچھ یہ لوگ میرے پہچانے لگتے ہیں

جو نعتیں سرکار ﷺ کی افضل پڑھتے ہیں طیبہ
ہم کو شہر مدینہ کے دیوانے لگتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

نعت

جو بھی در نبی ﷺ سے لو لگائے ہوئے ہے
درحقیقت وہ اپنی قسمت جگائے ہوئے ہے

جس نے بھی عشق نبی ﷺ کو سینے میں بسا لیا
سمجھو وہ اپنا گھر جنت میں بنائے ہوئے ہے

سرکار ﷺ کے دیوانے کی کیا بات میں بتاؤں
ہر وقت خاک طیبہ سر پہ سجائے ہوئے ہے

اب دوستو نہ چھیڑو تم فقیر مصطفی ﷺ کو
کافی زندگی میں رنج و غم اٹھائے ہوئے ہے

دیوانہ مصطفی ﷺ کا پھر دیوانہ مصطفی ﷺ ہے
ہر غلام مصطفی ﷺ کو آنکھوں پہ بٹھائے ہوئے ہے

یاد نبی ﷺ میں ہردم رہتا ہوں غرق افضل
نجدی نہ جانے کیوں دل اپنا جلائے ہوئے ہے

marfat.com
Marfat.com

نعت

میں نعت سرکارﷺ پڑھتا ہوں
ذکر احمد مختار کرتا ہوں

اب تو سرکارﷺ کی محبت میں
دن رات میں تڑپتا ہوں

ہر رات میں تو خوابوں میں
اُن کی گلی میں پھرتا ہوں

تیرے ہجر میں یارسول اللہﷺ
روز جیتا ہوں روز مرتا ہوں

ہر دشمنِ رسولﷺ سے میں
سر بکف ہو کے لڑتا ہوں

جب بھی موقع ملے افضل
میں مدینے جا ٹھہرتا ہوں

marfat.com
Marfat.com

نعت

مدینے میں نے جانا ہے
حال دل کا سنانا ہے

میں نے سوئے نصیبوں کو
جا کے طیبہ جگانا ہے

مدینے کی طرف ایک دن
قدم میں نے اٹھانا ہے

کرم مجھ پہ ہویا رسول اللہ ﷺ
طیبہ میں گھر بنانا ہے

تیرے بن اے میرا آقا ﷺ
کہاں اب کوئی ٹھکانا ہے

خبر افضل کو ہے یا محمد ﷺ
حشر میں تو نے بچانا ہے

marfat.com
Marfat.com

نعت

ان کے در پہ جاتے ہیں
ان کا صدقہ کھاتے ہیں

جب چاہتے ہیں پیارے نبی ﷺ
در پہ ہم کو بلاتے ہیں

ہر اک نعمت ہم کو یارو
رب ﷺ دیتا وہ دلاتے ہیں

سرکار مدینہ ﷺ کے کرم سے
دل کی مرادیں پاتے ہیں

ہم تو سوئے نصیبوں کو
جا کے مدینے جگاتے ہیں

سب کو اے پیارے نبی ﷺ
ہم تیری باتیں سناتے ہیں

غم نہ کرو اے گنہگارو
جہنم سے آقا ﷺ بچاتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

جا کے روضۂ اطہر پر
ہم تیری نعتیں سناتے ہیں

اپنے یاروں کو روضے میں
وہ میٹھی نیند سلاتے ہیں

در رسول ﷺ پر پہنچو افضل
آقا ﷺ تجھے بلاتے ہیں

نعت

روشن چہرہ نبی ﷺ کا
دیکھا ہے میں نے جلوہ نبی ﷺ کا

کیا بتلاؤں تم کو لوگو
کیسا ہے مدینہ نبی ﷺ کا

مجھ کو یاد رہا بس اتنا !!!
طیبہ میں ہے روضہ نبی ﷺ کا

کتنی شان ہے پائی دیکھو
جس کو کہتے ہیں حجرہ نبی ﷺ کا

marfat.com
Marfat.com

کیا تعریف کروں آقا ﷺ کی
یہ ساری دنیا صدقہ نبی ﷺ کا

ڈوبا ہوا ہے نور میں سارا
کس قدر زمانہ نبی ﷺ کا

افضل رہا ہے ابوجہل سے
ساری زندگی جھگڑا نبی ﷺ کا

نعت

صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی
ہوائیں یوں ہی مسکراتی رہیں گی

مدینے کی گلیوں میں رہتے ہوئے یہ
ترانے محمد ﷺ کے گاتی رہیں گی

یادیں نبی ﷺ کی ہر وقت ہم کو
اے لوگو آکر ستاتی رہیں گی

باتیں آقا ﷺ کی ہر دور میں ہی
ہمیں سیدھا راستہ دکھاتی رہیں گی

marfat.com
Marfat.com

حسن نبی ﷺ سے جہاں میں ہے رونق
یہی سب زبانیں سناتی رہیں گی

ہمیں بھی بلالو مدینے کے والی
یہ صدائیں مدینے کو جاتی رہیں گی

جو نعت نبی ﷺ پڑھتے ہیں افضل
قبریں ان کی جگمگاتی رہیں گی

نعت

شہر مدینہ ہم کو کتنا اچھا لگتا ہے
خوابوں میں یہ سارا منظر دیکھا لگتا ہے

جب بھی دیکھو ان کے در پر بھیڑ فقیروں کی
سارا عالم ان کے در کا منگتا لگتا ہے

شاہ مدینہ کے ہیں چرچے ہر سو قرآں میں
آقا ﷺ کی تعریف میں قرآں سارا لگتا ہے

marfat.com
Marfat.com

نام نبی ﷺ سے کام سبھی کے بگڑے بنتے ہیں
میری بگڑی بھی بنائیں گے آقا ﷺ ایسا لگتا ہے

حسن نبی ﷺ کے لشکارے سے جگمگ سارا عالم ہے
چہرہ نبی ﷺ کا ہم کو سب سے پیارا لگتا ہے

جو طیبہ کی گلیوں میں پھر کے صدائیں دیتا ہے
دیکھو تو میرے آقا ﷺ کا منگتا کیسا لگتا ہے

دیکھا جو دامن کو میرے کہنے لگے سب یار
یاد نبی ﷺ کے اشکوں سے یہ بھیگا لگتا ہے

دونوں عالم کی رونق ہے آمنہؓ کا جایا
ذات نبی ﷺ سے یہ گلشن مہکا مہکا لگتا ہے

ان کے در سے مانگنے والوں کی عظمت کو سلام
کوئی فریدؒ کوئی صابرؒ کوئی داتا لگتا ہے

دیکھا جو سرکار ﷺ نے مجھ کو طیبہ میں روتے ہوئے
تو کہنے لگے میرا عاشق کوئی سچا لگتا ہے

آقا ﷺ کی کیا بات بتاؤں شہد سے میٹھے ہیں
ان کی وجہ سے سارا عالم میٹھا لگتا ہے

marfat.com
Marfat.com

یاد نبی ﷺ میں جو بھی افضل رونے والا ہے
لاکھ پرایا ہو پھر بھی وہ اپنا لگتا ہے

نعت

سرور کونین ﷺ کی دیکھو کتنی پیاری ذات ہے
آمنہؓ کے لاڈلے کی دوستو کیا بات ہے

عرش پہ حق نے بلا کے سب فرشتوں سے کہا
آج کی شب میری کملی والے سے ملاقات ہے

سب حسینوں سے حسیں ماہ جبیں ہے مصطفے ﷺ
دنیا کا سارا حسن حضور ﷺ کی خیرات ہے

نغمے پیارے مصطفے ﷺ کے ہر طرف سنتے ہیں ہم
جسکو دیکھو گاتا نغمے بس یہی دن رات ہے

جب سے میں یاد نبی ﷺ میں رات بھر سوتا نہیں
اس دن سے میرے واسطے ہر شب شب برات ہے

رحمتوں کی بھیک ملتی ہے در نبوی ﷺ سے بس
مصطفے ﷺ کی ذات ہی تو رحمت کائنات ہے

marfat.com
Marfat.com

کھا لو تم بھی دوستو یہ ہے مدینے کی کھجور
مصطفیٰ ﷺ کے دیس کی سب سے بڑی سوغات ہے

گنہگار افضل بھی آقا ﷺ در پہ تیرے ہے کھڑا
گنہگاروں کا سہارا تیری ہی اک ذات ہے

نعت

لاج رکھنا لاج رکھنا یا محمد مصطفیٰ ﷺ
کرم کرنا رحم کرنا یا محمد مصطفیٰ ﷺ

گنہگار ہم بڑے در پہ تیرے ہیں کھڑے
ذرا جانب گنہگار تکنا یا محمد مصطفیٰ ﷺ

رحمت کائنات ہو سب سے پیاری ذات ہو
تیری خاطر جینا مرنا یا محمد مصطفیٰ ﷺ

سارے نبیوں کے امام تیرا اعلیٰ ہے مقام
ہم کو بھی طیبہ بلانا یا محمد مصطفیٰ ﷺ

آجاؤ طیبہ سبھی دیکھ لو میری گلی
اپنے منہ سے اتنا کہنا یا محمد مصطفیٰ ﷺ

marfat.com
Marfat.com

گہنگاروں پہ کرم اے میرے شاہ امم
ہم کو بھی ہے سنورنا یا محمد مصطفیٰ ﷺ

افضل کرتا ہے دعا یا نبی ﷺ طیبہ بلا
بلا کر طیبہ پاس رکھنا یا محمد مصطفیٰ ﷺ

نعت

سرکار ﷺ کے کرم نے سہارا مجھے دیا ہے
بگڑی بنی ہے میری جب نام نبی ﷺ لیا ہے

ہم بھی در نبی ﷺ پہ مانگیں گے خوب رو کر
سنتے ہیں ہر کسی کو سرکار ﷺ نے دیا ہے

ایسے ہی کر رہے ہیں شکوے میرے نبی ﷺ کے
کس کو بھلا حضور ﷺ نے عطا نہیں کیا ہے

بن کے نبی ﷺ کے عاشق طیبہ کو جائیں گے ہم
سردار انبیاء کا طیبہ میں بس رہا ہے

سرکار پہ میں صدقے دربار کے میں صدقے
در کسی کو ایسا نہ ایسا نبی ﷺ ملا ہے

marfat.com
Marfat.com

تیرے کرم سے آقا ﷺ دن میرے پھر گئے ہیں
ہر وقت میرا قاصہ تیرے کرم سے بھرا ہے

افضلؔ سکوں ملے ہے اس وقت انگ انگ کو
جب بھی سوئے مدینہ میرا قدم اٹھا ہے

نعت

بس دیار یار کی باتیں کرتے ہیں
ہم تو سرکار کی باتیں کرتے ہیں

سب کچھ ہے جنہیں خدا نے دیا
اُس احمد مختار کی باتیں کرتے ہیں

جسے خدا نے خود صدیقؓ کہا
اُس یار غار کی باتیں کرتے ہیں

جس کی زمانے میں ہے دھوم مچی
ہم اُس دربار کی باتیں کرتے ہیں

نہ ڈراؤ حشر کی گرمی سے ہمیں
آؤ آقا ﷺ کے پیار کی باتیں کرتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

جس کو رحمت لقب دیا رب جل جلالہ نے
اُس اعلیٰ سردار کی باتیں کرتے ہیں

امام الانبیاء جو ٹھہرے نبیوں میں
اُس حبیب کردگار کی باتیں کرتے ہیں

جب افضل اُس کا کرم ہوتا ہے
تب اُس دلدار کی باتیں کرتے ہیں

نعت

مجھے نبی ﷺ سے پیار ہوگیا
میرا بیڑہ پار ہوگیا

حضور ﷺ کی ثنا کے طفیل
زمانہ سارا یار ہو گیا

در نبی ﷺ پہ رو دیا جو میں
تو آقا ﷺ غم خوار ہوگیا

شان تو دیکھو مصطفٰے ﷺ کی
نبیوں کا سردار ہوگیا

marfat.com
Marfat.com

میں تو گنہگار تھا مگر
بس کرم سرکار ﷺ ہو گیا

آمنہؓ کا لاڈلہ بیٹا
اللہ کا دلدار ہو گیا

افضل غلام مصطفٰے ﷺ ہوں
یہ مجھ سے اقرار ہو گیا

نعت

حسن سرکار کے ہیں کیا کہنے
رب کے دلدار کے ہیں کیا کہنے

ہر کوئی فدا ہے بن دیکھے
مدنی من ٹھار کے ہیں کیا کہنے

ہر جگہ پہ صدیقؓ ساتھ رہا
اُس پیارے یار کے ہیں کیا کہنے

پتھروں نے بھی کلمہ جس کا پڑھا
اُس حبیب کردگار کے ہیں کیا کہنے

marfat.com
Marfat.com

تپتے پتھروں پہ بلالؓ لیٹا ہے
اُس عاشق زار کے ہیں کیا کہنے

جس کی خاطر یہ کائنات بنی
اُس حُسنِ دلبہار کے ہیں کیا کہنے

غاروں میں رو رو دعائیں کرتے ہیں
امت کے غم خوار کے ہیں کیا کہنے

خدا نے جس کو نوازا خدائی سے
اُس احمد مختار کے ہیں کیا کہنے

افضل سرمائیہ حیات ہے نعت نبی ﷺ
اس پیارے کاروبار کے ہیں کیا کہنے

نعت

سرکار ﷺ کی آمد ہے مجھے جشن منانے دو
آقا ﷺ کی مجھے یارو اب نعتیں سنانے دو

سرکار ﷺ کی خاطر ہی کونین سجائے گئے
بزم ذکر نبی ﷺ گھر گھر میں سجانے دو

marfat.com
Marfat.com

یادشہ بطحا ﷺ ہی زندگی کا سہارا ہے
چراغ عشق نبی ﷺ سینے میں جلانے دو

آئے ہیں نبی ﷺ سرور دکھیوں کے لئے جگ میں
رو رو کے مجھے اپنے دکھ درد سنانے دو

سرکار ﷺ کے آنے سے دو جگ میں بہار آئی
خوشیوں کے ترانے مجھے جی بھر کے گانے دو

آقا ﷺ نے بلایا ہے طیبہ میں مجھے افضل
روکو نہ اب مجھ کو در آقا ﷺ پہ جانے دو

نعت

حسن یوسفؑ تو میرے محبوب کی خیرات ہے
سب سے اعلیٰ اور پیاری مصطفیٰ ﷺ کی ذات ہے

رحمتہ اللعالمین ﷺ ہے مائی آمنہؓ کا لاڈلہ
بے سہاروں کا سہارا محسن ﷺ کائنات ہے

یوں تو کہنے کو گذاری ہیں بڑی راتیں مگر
گذری جو ذکر نبی ﷺ میں وہ قدر کی رات ہے

marfat.com
Marfat.com

چاند میں ہمت کہاں سامنا ان کا کرے
اتنی پیاری اور حسین مصطفےٰ ﷺ کی ذات ہے

سرور کونین ﷺ کی عظمت کروں کیسے بیان
جس زبان پر بھی دیکھو میرے نبی ﷺ کی بات ہے

پہلے آئے تھے نبی ﷺ بس اپنی اپنی قوم کے
مصطفےٰ ﷺ تو سب کے لئے رحمت کی برسات ہے

دنیا کے کسی کام میں افضل نہیں ملتا سکوں
جس سے ملتا ہے سکوں مصطفےٰ ﷺ کی نعت ہے

نعت

جی چاہتا ہے طیبہ کی گلیاں نصیب ہوں
پُرسان حال میرے خدا کے حبیب ہوں

پرواہ نہیں ہے مجھ کو جنت کی دوستو
محشر میں گر میرے جو آقا ﷺ قریب ہوں

فراق شہ مدینہ میں ہو جاؤں جب بیمار
کتنا بڑا کرم ہو کہ آقا ﷺ طبیب ہوں

marfat.com
Marfat.com

ان کے کرم کا صدقہ یہ پلتی ہے کائنات
ممکن ہے نجدی تیرے لئے یہ باتیں عجیب ہوں

کچھ بھی نہ کہہ سکیں گے وہ میرے حبیب ﷺ کو
کتنے ہی کیوں نہ ان کے چاہے رقیب ہوں

جب موت کی آغوش میں سوجاؤں افضل
اٹھوں تو سامنے میرے رب کے حبیب ہوں

نعت

سب پر کرم کیا ہے میرے حضور ﷺ نے
ہر ایک کو دیا ہے میرے حضور ﷺ نے

جس کو جہاں میں کوئی پوچھتا نہ تھا
اُس کا پتہ لیا ہے میرے حضور ﷺ نے

جس زخم پہ نہ مرہم لگایا کسی نے بھی
اُس زخم کو سیا ہے میرے حضور ﷺ نے

طائف میں پتھروں کی بارش ہوئی مگر
جامِ صبر پیا ہے میرے حضور ﷺ نے

marfat.com
Marfat.com

غارِ حرا میں افضل ہم عاصیوں کی خاطر
کیا کیا نہ پھر کیا ہے میرے حضور ﷺ نے

نعت

ہر درد کی دوا میرے حضور ﷺ ہیں
بے کسوں کے آسرا میرے حضور ﷺ ہیں

جتنے دیئے ہیں روشن اس کائنات میں
ہر دیئے کی ضیاء میرے حضور ﷺ ہیں

ہر چیز کو فنا ہے لیکن خُدا قسم
دونوں عالم کی بقا میرے حضور ﷺ ہیں

جتنے بھی شہنشہ ہیں زمانے میں دوستو
اُن سب کے بادشاہ میرے حضور ﷺ ہیں

بڑی سے بڑی عطا نعمت خُدا نے کی
مگر سب سے بڑی عطا میرے حضور ﷺ ہیں

افضل نبی ﷺ کے نام کا کھا رہا ہوں صدقہ
پیکر جو دو سخا میرے حضور ﷺ ہیں

marfat.com
Marfat.com

نعت

زندگی اصل میں دوستو بس اُسی نے پائی ہے
مصطفیٰ ﷺ کی چوکھٹ پہ جس کو موت آئی ہے

والضحیٰ والیل کہہ کر قسمیں اٹھائے رب جلیل
کہیں قسم قرآن میں شہر نبی ﷺ کی کھائی ہے

مانگنا ہے تو پہلے در نبی ﷺ پہ جاؤ مومنوں
قرآن میں رب کعبہ نے یہ آیت فرمائی ہے

شب اسراء کی داستان نہ سمجھ پائے تُو نجدی
عقل و فکر ساری تُو نے خاک میں ملائی ہے

فکر نہیں ہے جنت کی کہ فکرِ جنت کرتا پھروں
میں غلام مصطفیٰ ﷺ ہوں جس کی سب خدائی ہے

نظر کرم جو آقا ﷺ کرو طیبہ میں پہنچوں میں
آس ہر وقت میں نے بس یہی لگائی ہے

چلو مدینہ تم افضل کہ مصطفیٰ ﷺ نے یاد کیا ہے
یہ خبر کسی نے مجھے ابھی ابھی سنائی ہے

marfat.com
Marfat.com

نعت

محمد مصطفٰے ﷺ کا نام دنیا میں نرالہ ہے
اُنہیں کے نام نے یارو اس دنیا کو پالا ہے

جسے اول و آخر نور حق کہتے ہیں
وہی نبیوں کا امام میرا کملی والا ہے

اُسے بھی میرے آقا ﷺ نے گلے لگایا ہے
زمانے نے جسے قدموں تلے روند ڈالا ہے

مارا مارا پھرتا تھا اس جہاں میں مَیں
اُنہیں کے دست کرم نے مجھے سنبھالا ہے

اب بھی کہتا ہے نہیں آتے نظر مجھ کو
بے یقینی کا تیری آنکھوں میں جالا ہے

بھلا کیوں نہ لکھوں میں نعت نبی ﷺ افضل
نبی ﷺ کے نام کا صدقہ میرے منہ کا نوالہ ہے

marfat.com
Marfat.com

نعت

چرچا ہے مصطفٰے کا اس کائنات میں
بڑا وقار دیکھا ہے آقا ﷺ کی ذات میں

پل بھر میں کیا تھا حبیب یمنی کو مسلماں
کتنا اثر ہے میرے نبی ﷺ کی بات میں

کھا کے کھجور طیبہ کی ہوگیا صحت یاب
کتنی شفاء ہے دوستو مدنی سوغات میں

کون کہتا ہے کہ آقا ﷺ مجھے پہچانتے نہیں
پہچان لیا حضور ﷺ نے پہلی ملاقات میں

مٹا دیئے آقا ﷺ نے فرق ذات پات کے
پھر کیوں پڑوں میں افضل ذات پات میں

نعت

جشن آمد حبیب ﷺ اللہ اللہ
جاگا سب کا نصیب اللہ اللہ

marfat.com
Marfat.com

میرے پیارے نبی ﷺ میرے مشکل کشا
ساری دنیا کے آگئے ہیں حاجت روا

جھوم کر سب فرشتوں نے بھی یہ کہا
آگئے مصطفٰے ﷺ بن کے خیرالورٰی

سوہنا سب کے قریب اللہ اللہ
جاگا سب کا نصیب اللہ اللہ

گنہگاروں کو بھی آج قرار آگیا
پوری دنیا کا سپہ سالار آگیا

غم کے ماروں کا غم گسار آگیا
آج محبوب پروردگار آگیا

مدنی سب کے طبیب اللہ اللہ
جاگا سب کا نصیب اللہ اللہ

میرے آقا ﷺ سا دنیا میں آیا نہیں
لقب رحمت کسی نے بھی پایا نہیں

پیارا رب جل جلالہ نے بھی ایسا بنایا نہیں
مدنی میٹھے محمد ﷺ کا سایہ نہیں

marfat.com
Marfat.com

آقا ﷺ سب سے عجیب اللہ اللہ
جاگا سب کا نصیب اللہ اللہ

اُمتی سارے خوشیاں منائیں گے
نغمے پیارے نبی ﷺ کے گائیں گے

سب کے سب درِ آقا ﷺ پر جائیں گے
حال دل افضل رو رو سنائیں گے

سنیں رب جل جلالہ کے حبیب ﷺ اللہ اللہ
جاگا سب کا نصیب اللہ اللہ

نعت

یا رسول اللہ جو تیرا ہو کرم
ہم غریبوں کا بھی رہ جائے بھرم

موت آئے تو مدینہ ہو نصیب
درِ آقا ﷺ پہ نکلے میرا دم

آپ ﷺ کی شان کریمی کیا کہوں
سب پہ کرتے ہیں کرم شاہ امم ﷺ

marfat.com
Marfat.com

اطمت علیکم نعمتی کہہ کے خدا نے
سب نعمتیں آپ پہ کر دیں ختم

شافع محشر ہیں پیارے مصطفٰے ﷺ
نہیں ہم کو کوئی اب فکر و غم

حضور ﷺ آئے تو رونقیں آگئیں
ختم سارے ہوگئے رنج و الم

افضل کی ہے آرزو یا مصطفٰے ﷺ
گلیاں طیبہ کی ہوں اور میرے قدم

نعت

پیارے نبی ﷺ آئے میرے پیارے نبی ﷺ آئے
کرنے کو استقبال ہیں سارے نبی آئے

مائی آمنہؓ میں ترے قربان مقدر پر
تیری گود میں نبیوں کے اور ہمارے نبی ﷺ آئے

سرکار ﷺ کی آمد سے گلشن میں بہار آئی
سارے جگ سے اعلیٰ اور نیارے نبی ﷺ آئے

marfat.com
Marfat.com

اللہ نے بنایا ہے خود اپنے ہاتھوں سے
قدرت کے بن کے حسیں نظارے نبی ﷺ آئے

محبوب خدا ہیں آپ ہم آپ کے اُمتی
لجپالوں کے لجپال ہیں دلارے نبی ﷺ آئے

رحمت خدا تعالیٰ افضل یہ پکار اٹھی
گنہگارو اٹھو تم کہ تمہارے نبی ﷺ آئے

نعت

کونین کا دولہا ہمارا نبی ﷺ
ہے سب سے اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

دنیا میں اچھے ہوں گے مگر
سب اچھوں سے اچھا ہمارا نبی ﷺ

چاند کے ٹکڑے کرتے ہوئے
سارے جگ نے دیکھا ہمارا نبی ﷺ

ابوجہل نے دیکھا پتھروں کو
کلمہ پڑھاتا ہمارا نبی ﷺ

marfat.com
Marfat.com

دنیا کے لئے بن کے رحمت
دنیا میں آیا ہمارا نبی ﷺ

اخلاق کی اعلیٰ ظرفی سے
ہر دل میں سمایا ہمارا نبی ﷺ

اپنے نور سے اے افضل
ہے رب جل جلالہ نے بنایا ہمارا نبی ﷺ

نعت

مدنی پیا آؤ مورے دوار
کرپا کرو مورے پالن ہار

توہے میں پاؤں دل میں بساؤں
کب ہووت پیا موہے دیدار

جگت میں نہیں تورے جیسا حسیں
مورے ماہ جبیں عربی سردار

کھاؤں میں صدقہ تورا ہی آقا ﷺ
ہے یہ تورا کرم موری سرکار ﷺ

marfat.com
Marfat.com

ساون مورا سونا بن تورے سانوریا
دکھاؤں کسے مورے سجنوا اپنا سُعلہ سنگار

مدینے مجھے بلوئیو سبز گنبد دکھلیو
کرتے رہیو مورے پیا ایسا کرم بار بار

دکھیارا ہوں مورے پیا توری دید کا پیاسا
اب تو سُنیو مورے پیتم افضل کی پُکار

نعت

کبھی تو دیکھنے روضہ نبی ﷺ کا ہم بھی جائیں گے
جو چاہا کملی والے نے ہمیں طیبہ بلائیں گے

نبی ﷺ کے نام لیوا ہیں زمانہ ہمکو جانے ہے
نبی ﷺ کے نام پر ہم اپنا سب کچھ لٹائیں گے

انہیں کے نام کی برکت سے جگ میں بہار آئی
انہیں کا نام لے لے کے مرادیں دل کی پائیں گے

کبھی تو میرے دکھوں کا مداوا ہو گا اے یارو
کبھی تو مصطفیٰ ﷺ آ کر مقدر کو جگائیں گے

marfat.com
Marfat.com

لاچارو نہ گھبراؤ کبھی تو جائیں گے طیبہ!!!!
رسول پاک ﷺ کو دکھ درد ہم اپنے سنائیں گے

جو ہو جائے ہماری حاضری دربار پہ یارو
مدینے میں نبی ﷺ کی نعت کی محفل سجائیں گے

نظارہ سرور کونین ﷺ کے حسن مبارک کا!!
بلا کے طیبہ ہم سب کو خدا تعالیٰ دکھائیں گے

در سرکار ﷺ کے منگتے ہیں ہم کو اور کیا چاہیے
ترانے مصطفےٰ ﷺ کے ہم تو بس دن رات گائیں گے

ہمیں تو ہے سہارا حشر میں ذات محمد ﷺ کا
حشر کی گرمی سے ہم کو محمد ﷺ ہی بچائیں گے

در آقا ﷺ پہ ہو جاؤ اکٹھے دوڑ کر سارے
سنا ہے مصطفےٰ ﷺ کی نعت افضل بھی سنائیں گے

نعت

عشق سرکار ﷺ میں جاں سے گذر جاؤنگا
مرتا مر جاؤں مگر ان کا کہلاؤنگا

marfat.com
Marfat.com

جا کے طیبہ میں در رسول اکرم ﷺ پر
میں زخم دل اپنے انہیں دکھاؤں گا

میرے نصیب جو اچھے ہوئے تو اے یارو
مدینہ طیبہ میں چھوٹا سا گھر بناؤں گا

ان کی نظر کرم جب بھی ہو گئی مجھ پر
میں اپنے سوئے مقدر کو پھر جگاؤں گا

چاہے موت بھی آجائے اب مجھ کو
میں طیبہ چھوڑ کے اور کہیں نہ جاؤں گا

در رسول ﷺ کا منگتا ہوں میں افضل
صدقہ آقا ﷺ کے در کا میں تو کھاؤں گا

نعت

سویا نصیب ہم نے بھی اپنا جگا لیا
جس دن سے اپنے دل کو مدینہ بنالیا

فرشتے لیکے چل دے جہنم کو مگر
ہم کو رسول پاک ﷺ نے اُن سے چھڑا لیا

marfat.com
Marfat.com

ہم سے گنہگاروں پہ کتنا کرم ہے اُن کا
حسابِ قبر سے ہم کو نبی ﷺ نے بچالیا

انسان تو ہیں انسان لیکن خدا قسم
پتھروں سے بھی حضور ﷺ نے کلمہ پڑھا لیا

دیکھا جو پیار میرا مدینے کی سرزمین سے
سرکار ﷺ نے مدینے میں مجھ کو بلا لیا

دنیا کے شہنشاہ ہیں منگتے میرے نبی ﷺ کے
ہر شہنشاہ نے سر کو وہاں پہ جھکا لیا

اسراء کی رات آقا ﷺ کو بلانے کے لئے
خدا نے اپنے عرش کو پہلے سجا لیا

نعت نبی ﷺ ہی زندگی افضل ہے اب میری
یہ شوق میں نے اپنے دل میں بسا لیا

نعت

منظر ہو بیاں کیسے مدینے کے بازاروں کا
ہر سو ہے لگا میلہ آقا کے پیاروں کا

marfat.com
Marfat.com

ہم پہ بھی کرم کرنا حسنینؓ کے صدقے میں
اب کردو ختم رونا ہم سے گنہگاروں کا

جب آقاﷺ صحابہؓ کے جھرمٹ میں بیٹھے ہونگے
کتنا ہی مزا ہوگا محمدﷺ کے نظاروں کا

طیبہ کی زمیں پر موت آئے مجھے یارو
میں تو دیوانہ ہوں طیبہ کی بہاروں کا

بس ہم کو سہارا ہے تیری ذات کا اے آقاﷺ
بن تیرے نہیں کوئی ہم غم کے ماروں کا

آقاﷺ کے اشاروں پر گھر بار لٹاتے ہیں
بڑا حوصلہ دیکھا ہے سرکارﷺ کے یاروں کا

اب تھام لو دامن تم اے غریبوں محمدﷺ کا
آقاﷺ ہی سہارا ہیں بے کس بے سہاروں کا

میرے دل میں خواہش ہے دیکھوں مسجد نبویﷺ کو
چرچا ہے سارے جگ میں مسجد کے میناروں کا

قربان کیا افضل تن من دھن سب اُن پر
انوکھا ہی طریقہ ہے اُن کے دلداروں کا

marfat.com
Marfat.com

نعت

تیرا دامن تھام کے میں بچ گیا میں بچ گیا
صدقے تیرے نام کے میں بچ گیا میں بچ گیا

کرم مجھ پہ ہوگیا در آقا ﷺ پہ روتا رہا
جالیوں کو تھام کے میں بچ گیا میں بچ گیا

اے میرے خیرالوریٰ یہ نور پھیلا ہے تیرا
کرم ہیں اسلام کے میں بچ گیا میں بچ گیا

نعت تیری پڑھتا ہوں ذکر تیرا کرتا ہوں
صدقے ایسے کام کے میں بچ گیا میں بچ گیا

